Brayden
SUPERVISION SERVICES INC.

سروس معاہدہ – شرکاء درج ذیل شرائط و ضوابط سے اتفاق کرتے ہیں:

1. مواصلت

بریڈن سروس ڈائریکٹرز شرکاء، وکلاء اور دیگر پیشہ ور افراد کے ساتھ بذریعہ ای میل، فون اور دوسرے طریقوں سے براہ راست بات چیت کریں گے۔ دونوں فریق انٹیک عمل کی تکمیل کے بعد اپنے سروس ڈائریکٹرز کے رابطے کی معلومات حاصل کریں گے۔ بریڈن مقام، شیڈول، ادائیگی کی تقسیم یا سروس کی قسم کی تفصیلات کی ثالثی کرتا ہے کیوں کہ ہمارے ایک غیر جانب دار تیسرے فریق ہونے کی حیثیت سے ان شرائط پر باہمی طور متعلقہ فریقوں یا ان کے وکلاء کی جانب سے اتفاق ہونا ضروری ہے۔

2. مداخلت اور انقطاع

A) بریڈن سپروائزرز زیر نگرانیپیرنٹنگ ٹائم کے دوران اپنی صوابدید پر مداخلت کریں گے۔ اگر زیر نگرانی شریک دوسرے فریق کے بارے میں یا مناسب تصور نہیں کیے جانے والے امور کے بارے میں منفی انداز میں بات کر رہا ہو تو وہ مداخلت کریں گے۔

B) پیرنٹنگ ٹائم کے دوران تمام مواصلت لازماً انگریزی میں ہونی چاہیے الا یہ کہ انٹیک عمل کے دوران کسی زبان کے ساتھ مخصوصسپروائزر کی درخواست کی گئی ہو۔ انگریزی میں بات نہیں کرنے کے نتیجے میں پہلے مداخلت کی جائے گی، اور اکثر ایسا معاملہ پیش آنے پر اسے منقطع کردیا جائے گا۔

C) اگر زیرنگرانی شریک کو بارہا ٹوکنا پڑے اور وہ اپنے رویے میں ترمیم کرنے پر قادر نہ ہوں، تو سپروائزر کو پیرنٹنگ ٹائم ختم کرنے کا اختیار ہوگا۔ بیشتر معاملات میں، آن کال سروس ڈائریکٹر کے مشورے سے ایسا کیا جائے گا۔

D) بریڈن سپروائزرز کو اپنی کلی صوابدید پر دیگر اوقات میں مداخلت کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ بریڈن کے عملہ کے کسی رکن کی طرف سے کسی بھی ہدایت یا درخواست پر زیر نگرانی شریک کو فوری طور پر اور مناسب طریقے سے عمل کرنا ہے۔

E) اگر ماسک مناسب طریقے سے نہیں پہنے جارہے ہوں، یا کووڈ-19 سے متعلق ہماری دیگر پالیسیوں اور طریق کار میں سے کسی کی خلاف ورزی کی جارہی ہو تو ہم فوری طور پر پیرنٹنگ ٹائم ختم کردیں گے۔

3. ادائیگی

بریڈن سپرویژن ادائیگی کے معاملوں میں ثالثی نہیں کرتا۔ ہماری خدمات سے متعلق تمام لاگتوں اور فیس کے بارے میں بات چیت اور اتفاق ہماری سروس شروع ہونے قبل کیا جائے گا۔ تمام ادائیگیاں لازماً پیرینٹنگ ٹائم شروع ہونے سے 48 گھنٹے پہلے کی جائیں۔ بریڈن فی الحال ویزا، ماسٹر کارڈ اور ای ٹرانسفر کے ذریعے ادائیگیاں قبول کرتا ہے۔ یہ یقینی بنانا ای ٹرانسفر سے ادائیگی کرنے والے فریق/فریقین کی ذمہ داری ہے کہ وہ مناسب رقم کے ای ٹرانسفرز اپنے طے شدہ پیرنٹنگ ٹائم سے 48 گھنٹے قبل کر دیں۔ پیرنٹنگ ٹائم کے کوئی اضافی لاگتیں جیسے پارکنگ یا داخلہ، پیرنٹنگ ٹائم کی تکمیل پر سپروائزر سے موصولہ رسیدیں جمع کروانے پر چارج کی جائیں گی۔

4. پیرنٹنگ ٹائم کی منسوخی اور مقام کی تبدیلیاں

بریڈن سپرویژن کے شرکاء سروس کو لازماً بذریعہ فون یا ای میل منسوخ یا ملتوی کرائیں۔ ایام ہفتہ کا کوئی بھی پیرنٹنگ ٹائم (پیر سے جمعہ تک) لازماًکم از کم 24 گھنٹے کے نوٹس کے ساتھ منسوخ کرایا جائے۔ اختتام ہفتہ کا کوئی بھی پیرنٹنگ ٹائم (ہفتہ اور اتوار) کو لازماًکم از کم 48 گھنٹے کے نوٹس کے ساتھ منسوخ کرایا جائے۔ انتظامی فیس (HST+) $25 لاگو ہوگی۔ سروس ڈائریکٹر سے پیرنٹنگ ٹائم کی تصدیق موصول ہونے کے بعد مقام یا وقت میں کی جانے والی تبدیلیوں کے نتیجے میں (HST+) $25 وصول کیے جائیں گے۔

5. مہمانان/ ملاقاتی

کسی بھی پیرنٹنگ ٹائم کے مدنظر، پیرنٹنگ ٹائم شروع ہونے سے قبل یا فرد کے سامنے آنے پر کسی بھی مہمان یا ملاقاتی کو دونوں شرکاء کے ذریعے پہلے سے منظور شدہ ہونا ضروری ہے۔ یہ قدم انٹیک عمل کے دوران مکمل کیا جائے۔ اگر پیرنٹنگ ٹائم میں شرکت کرنے والے کسی مخصوص مہمان کے بارے میں اختلاف ہو تو جب تک دونوں فریقوں کی طرف سے بریڈن کو منظوری موصول نہیں ہوجاتی، تب تک انہیں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

کسی بھی درون کمیونٹی یا درون خانہ پیرنٹنگ ٹائم کے لیے، الّا یہ کہ بصورت دیگر متعین ہو، ہمارے سپروائزر مداخلت نہیں کریں گے الا یہ کہ پیرنٹنگ ٹائم کے لیے مخصوص مہمانوں کی عدم موجودگی کی کوئی شرط طے ہو۔ اگر کوئی فرد کسی مخصوص مہمان کے بارے میں منفی رد عمل رکھتا ہو تو ہمارے سپروائزر مہمان کو پیرنٹنگ ٹائم چھوڑنے کا مشورہ دے سکتے ہیں اور ان کی آئندہ شمولیت کے بارے میں اگلے متعینہ پیرنٹنگ ٹائم سے پہلے تمام فریقوں کے ساتھ بات چیت کی جائے گی۔

6. میڈیکل اور غذا

بریڈن سروس ڈائریکٹر کے ذریعے انٹیک عمل کے دوران تمام متعلقہ طبی معلومات جمع کی جائیں گی۔ شرکاء کو تائید کے لیے دستاویزی شہادت کے ساتھ ممکنہ حد تک زیادہ سے زیادہ طبی معلومات فراہم کرنی ہیں۔ اگر زیر نگرانی پیرنٹنگ ٹائم کے دوران دوائیں یا طبی توجہ درکار ہو تو لازمی اقدامات کرنے کی ذمہ داری زیر نگرانی شریک کی ہوگی۔ سپروائزر حسب ضرورت مداخلت کرے گا، تاہم وہ کوئی بھی دوا دینے یا طبی مشورے کے لیے ذمہ دار نہیں ہے۔

اگر فرد کو کوئی بھی کھانے پینے کی ایسی شے فراہم کی جاتی ہے جسے الرجی کے طور پر شناخت کیا گیا ہو تو سپروائزر مداخلت کرے گا۔

7. مادی اشیا کی منتقلی

عام طور پر، شرکاء کو فریقین کے درمیان مادی اشیاء، دستاویزات یا کسی بھی طرح کی چیز کی منتقلی کے لیے سپروائزر کو ایک ایجنٹ کے طور پر استعمال نہیں کرنا ہے۔ سپروائزر کسی بھی عدالتی دستاویزات پر دستخط کرنے یا پیسہ یا کسی دیگر سامان کی منتقلی کے لیے ذمہ دار نہیں ہے۔

8. انکار

اگر پیرینٹنگ ٹائم میں کوئی فرد شروع میں شرکت سے انکار کر رہا ہو تو ہمارے سپروائزر مختلف مہارتوں اور طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے اس کی شرکت کی حوصلہ افزائی کرنے کی کوشش کریں گے۔ ہم درخواست کرتے ہیں کہ شرکاء پیرینٹنگ ٹائم کا انعقاد یقینی بنانے میں ہمارے سپروائزر کی مدد کریں۔ پیرنٹنگ ٹائم کے دوران، اگر کوئی فرد پیرنٹنگ ٹائم جاری رکھنا نہیں چاہتا تو سپروائزر ان کو ترغیب دینے کی کوشش کریں گے، تاہم اگر وہ تناؤ میں مبتلا معلوم پڑیں یا اسے جاری رکھنے پر قادر نہ ہوں تو انچارج شریک سے پیرنٹنگ ٹائم ختم کرنے کے لیے رابطہ کیا جائے گا۔ یہ فیصلے فرد کے بہترین مفاد کو ملحوظ رکھتے ہوئے بریڈن سپروائزرز کی صوابدید پر کیے جائیں گے۔

9. رپورٹ کرنے کی ڈیوٹی
بریڈن کے تمام سپروائزر چلڈرن، یوتھ اینڈ فیملی سروسز ایکٹ (CYFSA) رپورٹ کرنے کے رہنما خطوط کے فریضے کے پابند ہیں۔ سپروائزر مقامی چلڈرنز ایڈ سوسائٹی کو براہ راست رپورٹ کرنے کے قانونی طور پر پابند ہیں۔

10. ٹیکنالوجی کا استعمال
ٹیکنالوجی کے استعمال کے حوالے سے کسی بھی طرح کی پابندیوں کو سروس کے آغاز سے پہلے معاہدے میں طے کیا جانا چاہیے۔ شرکاء پیرنٹنگ ٹائم کے دوران دونوں فریقوں کی باہمی رضامندی سے تصاویر یا ویڈیوز بناسکتے ہیں۔ تاہم بریڈن سپروائزرز اور عملہ کے ارکان شرکاء کو ان کی تصاویر یا ویڈیو بنانے کی منظوری نہیں دیتے۔ بریڈن سپروائزرز پیرنٹنگ ٹائم کی تصاویر یا ویڈیوز نہیں بنائیں گے۔
اگر پیرنٹنگ ٹائم گھر کے اندر چل رہے ہوں اور آپ کے پاس ایسا سیکیورٹی نظام ہے جو آپ کے گھر کے حصوں کی ریکارڈنگ کرتا ہے، تو آپ سے انٹیک کے وقت کے دوران یا تو اپنے فارموں پر یا فون پر اپنی مشاورت کے دوران بریڈن سپروائزرز کے سامنے اس کا انکشاف کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ پیرنٹنگ ٹائم کو کسی بھی الیکٹرانک ریکارڈنگ والے آلے کی مدد سے کسی بھی فریق کے ذریعے جزوی یا کلی طور پر ریکارڈ نہیں کیا جائے گا۔ پیرنٹنگ ٹائم کی جزوی یا کلی ریکارڈنگ پیرنٹنگ ٹائم کے انقطاع پر منتج ہوگی۔

11. نوٹس
پیرنٹنگ ٹائم کے دوران سپروائزر یا تو اپنے فون یا نوٹ پیڈ پر رف نوٹس لے سکتا ہے۔ یہ نوٹس پیش آمدہ واقعات کی ٹائم لائن کے مشاہدات ہیں اور یہ پیرینٹنگ کی مہارت یا صلاحیت کی کسی تشخیص پر مشتمل نہیں ہوتے۔ یہ نوٹس بچے اور والدین کے درمیان بات چیت کے غماز ہوتے ہیں اور جو حفاظتی خدشات پیدا ہو سکتے ہیں ان کا ازالہ کرتے ہیں۔ سپروائزر ہر پیرنٹنگ ٹائم کے بعد سروس ڈائریکٹر کو ای میل کے ذریعے اپنے مشاہداتی نوٹس جمع کرائے گا۔ بریڈن سپرویژن سروسز ایک غیر جانب دار فریق ثالث ہے، اگر ایک فریق نوس کی درخواست کرتا ہے، تو قطع نظراس سے کہ کس نے نوٹس کی درخواست کی تھی، دونوں فریقوں کو بیک وقت نوٹس بھیجے جائیں گے۔ مشاہداتی نوٹس جاری کرنے کے لیے ایک انتظامی فیس ہے، اور نوٹس جاری ہونے سے قبل ادائیگی پر اتفاق کرنا ضروری ہے۔

12. کووڈ-19
کووڈ-19 کی عالمگیر وبا کے دوران سب کو محفوظ رکھنے کے لیے حفاظتی طریق کار لاگو کیے جائیں گے۔ پبلک ہیلتھ کی ہدایت کے مطابق تقاضوں کو اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔ براہ مہربانی منسلک طریق کار کا مطالعہ کریں۔ تعمیل میں ناکامی کی صورت میں سروس منقطع ہو جائے گی۔

معاہدے کی شرائط

کوئی بھی فریق اپنی کلی صوابدید پر سروس کے لیے اس معاہدے سے دستبردار ہو سکتا ہے۔ بریڈن تب سروس سے انکار، پیرنٹنگ ٹائم منسوخ یا ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے جب سپروائزر یا سروس ڈائریکٹر محسوس کرے کہ اسے جاری رکھنا فرد کے بہترین مفاد نہیں ہے تو ۔

میں نے **سروس کے معاہدے** کو پڑھ لیا ہے اور میں ان پالیسیوں اور شرائط کی تعمیل کرنے سے متفق ہوں۔ میں جانتا/جانتی ہوں کہ ان کی تعمیل کرنے میں ناکامی سروس کی معطلی یا فوری طور پر منسوخی پر منتج ہو سکتی ہے۔

______________________________(شریک کا نام - جلی حروف میں)

______________________________(شریک کے دستخط)

______________________________(تاریخ)

(سروس ڈائریکٹر کے دستخط) ______________________

(تاریخ) ______________________